MEDIA RELEASE

7 DEC - 25 DEC
RAWALPINDI CRICKET STADIUM

بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ کے میچ آفیشلز کا اعلان کردیا گیا

راولپنڈی، 3 دسمبر 2024ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے آج بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ کے لیے میچ آفیشلز کے پینل کا اعلان کر دیا ہے جو 7 سے 25 دسمبر تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔

ٹورنامنٹ کے 22 میچوں میں کل 13 امپائرز اور 6 میچ ریفریز ذمہ داریاں نبھائیں گے۔

پی سی بی ایلیٹ پینل کے امپائرز عمران جاوید اور ذوالفقار جان (آن فیلڈ امپائرز) قیصر وحید (تھرڈ امپائر) اور رانا محمد ارشد (فورتھ امپائر) 7 دسمبر کو نورپور لائنز اور یو ایم ٹی مارخورز کے درمیان ہونے والے افتتاحی میچ کی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے۔ پی سی بی ایلیٹ پینل آف میچ ریفریز کے ندیم ارشد پلیئنگ کنٹرول ٹیم کی قیادت کریں گے۔

آئی سی سی انٹرنیشنل پینل آف امپائرز کے ارکان آصف یعقوب، راشد ریاض وقار (آن فیلڈ امپائرز) اور فیصل خان آفریدی (تھرڈ امپائر) بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ کے 25 دسمبر کو ہونے والے فائنل کے میچ آفیشلز ہوں گے۔ ذوالفقار جان فورتھ امپائر ہوں گے جبکہ آئی سی سی میچ ریفریز کے انٹرنیشنل پینل کے علی نقوی پلیئنگ کنٹرول ٹیم کے سربراہ ہوں گے۔

آصف یعقوب، فیصل خان آفریدی، عمران جاوید، رانا محمد ارشد، راشد ریاض وقار، قیصر وحید اور ذوالفقار جان کے علاوہ امپائرنگ کے فرائض احمد شہاب، عمران اللہ اسلم، امتیاز اقبال، کاشف سہیل، خالد محمود سینئر محمد ساجد انجام دیں گے۔

چھ میچ ریفریز میں سے دو انٹر نیشنل پینل آف آئی سی سی میچ ریفریز کے ممبران علی نقوی اور محمد جاوید ملک کے ساتھ افتخار احمد، محمد اقبال شیخ، ندیم ارشد اور سہیل ادریس شامل ہوں گے۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk